بسم اللہ الرحمن الرحیم

الٰہی دے مجھے رنگیں بیانی — عطا کر مجھ کوں یا قوتِ معانی

سخن کا لعل دے میری زبان کوں — درِ معنی سیں بھر میرے دہان کوں

میرے دل پر رکھ اپنے عشق کا بار — نہ رکھ اس سست بیکاری کوں بیکار

میرے دل کوں جلا کر چاک جوں گل — کر اپنے عشق کے گلشن کا بلبل

بنا سینے کوں میرے عشق کا گھر — مرے ہر عضو کوں کر غم کا آگھر

میرے آنسو کوں دے پل پل روانی — مری آنکھوں سیں مت کر دور پانی

مجھے آنکھ کے پانی میں ڈبا رکھ — نہنگِ بحرِ غم مجھ کوں بنا رکھ

فغاں کی مے کوں بھر میرے گلے میں — لگا دے آگ دارو کی تلے میں

دلِ سوزاں دے اور دے چشمِ پرغم — رکھ اپنے آب و آتش میں مرادم

مجھے کنجِ قناعت میں مکاں دے — فریب و حرص سے مجھ کوں اماں دے

مری جی کی ہوا کی توڑ کر دن — حشر کے ڈر سے رکھ مجھ کوں در مامن

زمین کی تخت پر سوتا تہا جب لال	اوٹھی تہی نیند سوں وو فارغ البال
تماشیکا ہوس کر کہولے در کو	جہروکی کی تلی دالی نظر کو
نظر بھر کر جو دیکھی آدمی ذات	لباس فقر میں تہی سب سر آرات
کمند سحر سیں کر کر اوس بند	محل پر کہینچ لیکر ہوئی ہی خورسند

گیا شاہی کوں جب لگ او ہمیں دم تھا
وصال کو ہر اوسکوں دمبدم تھا

اری عاجز سخن کب لگ کہیگا
سخنکے فکر میں کب لگ رہیگا

خموشی سیں زبانکوں آشنا کر
ہوا افسانہ آخر اب دعا کر

الٰہی عاجزوں کی آبرو رکھ
انوکوں دو جہاں میں سرخرو رکھ